عبدالعزیز خالد کی وفات پر تعزیتی مضامین و منظومات ہیں۔ سیارہ کی مجلسِ ادارت خصوصاً حفیظ الرحمٰن احسن کی محنت و کاوش قابلِ داد ہے۔ بحیثیت مجموعی یہ شمارہ ایک معتبر ادبی دستاویز اور ادبِ اسلامی کی ترجمانی کا عمدہ نمونہ ہے۔ (قاسم محمود احمد)

تعارف کتب

◎ **ریاض الانوار**، مرتبہ: محمد وقاص، ناشر: تحریکِ محنت پاکستان، پوسٹ بکس ۳۲، جی ٹی روڈ، واہ کینٹ۔ صفحات: ۵۵۔ قیمت: درج نہیں۔ [نسلِ نو کو آنحضورؐ کی ذات والاصفات سے قریب تر کرنے اور آپؐ کے پیکرِ نور کی جھلک عام فہم زبان میں اس طرح پیش کی جائے کہ اُردو خواں طبقے کے سامنے آپؐ کی متحرک تصویر پیش کی جاسکے ___ اسی تقاضے کے پیش نظر کتبِ حدیث سے سیرتِ پاکؐ کا عام فہم انتخاب پیش کیا گیا ہے۔]

◎ **رقصِ ابلیس**، محمد صدیق شاہد۔ العصر پبلی کیشنز، مسعود منزل، بک سٹریٹ، ۱۴- مزنگ روڈ، لاہور۔ فون: ۳۷۰۰۵۲۸۷-۰۴۲۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [۱۹۴۷ء میں پاکستان آنے والے قافلوں کی ہجرت کے چشم دید واقعات سادہ زبان میں قلم بند کیے گئے ہیں۔ مہاجرین پر سکھ اور ہندو بلوائیوں کے حملے اور ان کے مظالم کا تذکرہ لرزہ خیز ہے۔ میڈیا نے ایسی چیزوں کو ہماری نظروں سے اوجھل کر دیا اور ہمارے سیکولر دانش ور 'دوستی' کے نام پر تاریخِ پاکستان کے اس باب کو بدستور فراموشی کے کوڑے دان ہی میں رہنے دینا چاہتے ہیں ___ مگر حوادث کی یہ سچی تصویریں، نئی نسل کے لیے قابلِ مطالعہ ہیں۔ خصوصاً ماہِ آزادی (اگست) میں تو سکھوں اور ہندوؤں کے مظالم کی یہ داستانیں، ''گاہے گاہے باز خواں'' کا تقاضا کرتی ہیں۔]

◎ **تذکرہ وسوانح سید عطاء اللہ شاہ بخاری**، مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ۔ صفحات: ۳۱۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی شخصیت و کردار، اخلاص و للّٰہیت، زہد و استغنا، تقویٰ و خشیت، علم و عمل، خطابت، قید و بند، شعر و ادب، حاضر جوابی، قرآن سے محبت و شیفتگی وغیرہ پر مشتمل ایمان افروز دل چسپ واقعات۔ مختلف رسائل اور جرائد سے خوشہ چینی پر مبنی تذکرہ وسوانح۔]

سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ (جلد اوّل و دوم، کُل ضخامت: ۱۳۵۰ صفحات)
دیدہ زیب طباعت کے ساتھ شائع ہوگئی ہے۔ ان خواتین و حضرات کی خدمت میں تحفتاً پیش کی جارہی ہے، جو شب و روز دعوت اور خدمتِ دین میں مصروف ہیں۔ اسکولوں، کالجوں، یونی ورسٹیوں سے متعلق افراد متعلقہ ادارے کے سربراہ کا تصدیقی خط، جب کہ تحریک سے وابستہ حضرات امیر ضلع کا تصدیق نامہ لاکر کتاب دستی وصول کریں۔ آنے سے قبل ٹیلی فون پر رابطہ کریں۔

نوٹ: کتاب بذریعہ ڈاک بھجوانے کا انتظام نہیں ہے

شیخ عمر فاروق: جامعہ تدبر القرآن، 15-B، وحدت کالونی، لاہور- فون: 37585960